شیخ سعدیؒ

- مبارک ہیں وہ لوگ جن کے پاس نصیحت کو الفاظ نہیں بلکہ ان کے اپنے اعمال ہیں۔
- آہستہ آہستہ چلنا اور منزلِ مقصود تک پہنچنا دوڑنے ور راستے میں رہ جانے سے بہتر ہے۔
- فتنہ انگیز سچائی سے مصلحت آمیز جھوٹ بہتر ہے۔
- یہ ضروری نہیں کہ جو کوئی خوبصورت ہو، نیک سیرت بھی ہو، کام کی چیز اندر ہوتی ہے باہر نہیں۔
- دشمن سے بچو، اور دوست سے اس وقت جب وہ تمھاری تعریف کرنے لگے۔
- مال و دولت آسائشِ عمر کے لئے ہے۔ عمر اس لئے نہیں کہ انسان دولت ہی اکھٹا کرتا رہے۔
- بخیل آدمی کی دولت اس وقت باہر آتی ہے جب وہ خود زمین کے اندر چلا جاتا ہے۔
- اس سے تو خاموشی بہتر ہے کہ کسی کو دل کی بات کہہ کر پھر اس سے کہا جائے کہ کسی سے نہ کہنا۔
- تو نیک ہو اور لوگ تجھے برا کہیں، یہ اس سے اچھا ہے کہ تو برا ہو اور لوگ تجھے نیک کہیں۔
- عقل مند آدمی اس وقت تک نہیں بولتا جب تک خاموشی نہیں ہو جاتی۔
- جو تجھ سے وابستہ نہیں تو اس سے وابستہ نہ ہو۔
- عقل مند اور بے وقوفوں میں کچھ نہ کچھ عیب ضرور ہوتا ہے مگر عقلمند اپنے عیب کو خود دیکھتا ہے اور بے وقوفوں کا عیب دنیا دیکھتی ہے۔
- آدمی کے علم کا اندازہ تو ایک دن ہو جاتا ہے لیکن نفس کی خباثت کا پتا برسوں میں بھی نہیں چلتا۔

شیخ عبدالقادر جیلانیؒ

- وہ کیا بدنصیب انسان ہے کہ جس کے دل میں اللہ نے جانداروں پر رحم کی عادت پیدا نہیں کی۔
- جسے کوئی ایذا نہ پہنچے اس میں کوئی خوبی نہیں۔
- گمنامی کو پسند کرے کہ اس میں ناموری کی نسبت بڑا امن ہے۔
- شکستہ قبروں پر غور کر کہ کیسے کیسے حسینوں کی مٹی خراب ہو رہی ہے۔
- تنہا شخص محفوظ ہے ہر گناہ کی تکمیل دو سے ہوتی ہے۔
- مومن اپنا اہل و عیال اللہ پر چھوڑتا ہے اور منافق درہم و دینار پر۔
- مخلوقات اور غیر اللہ سے صرف وہ لوگ سوال کرتے ہیں جن کا یقین و ایمان ضعیف ہے اور جن میں صبر و توکل نابود ہے۔

افلاطون

- دنیا کو چوروں کی کمین گاہ تصور کر کے ہوشیاری اور آگاہی کے ساتھ زندگی بسر کرنی چاہئے۔
- بہت سے نقصانات آدمی کو اس وجہ سے پہنچتے ہیں کہ وہ لوگوں سے مشورہ نہیں لیتا۔
- جب تو کسی کی طبعیت کا اندازہ لگانا چاہے تو بعض امور میں اس سے مشورہ طلب کرتا کہ اس کے رد و عدل اور خیر و شر سے تھوڑے سے اشارے مل سکیں۔
- خدا ہر طائر کو رزق دیتا ہے مگر اس کے گھونسلے میں نہیں ڈالتا۔
- ہر مشکل انسان کا امتحان لینے آتی ہے۔
- عقلمند وہ ہے جو اپنی زندگی کو غیر ضروری کاموں میں رائیگاں نہ کرے۔
- دنیا عاقل کی موت پر اور جاہل کی زندگی پر ہمیشہ آنسو بہاتی ہے۔
- پہلے بات کو دیر تک سوچو پھر منہ سے نکالو اور پھر اس پر عمل کرو۔
- سب سے بڑی فتح اپنے آپ کو فتح کرنا ہے۔

امام غزالیؒ

❁ دوست جو صرف تمھاری اچھی حالت کا دوست ہو اور آڑے وقت کام نہ آئے اس سے بچنا چاہئے کیونکہ وہ سب سے بڑا دشمن ہے۔

❁ عورت میں ایک کمزوری ہے جس کا علاج تحمل ہے اسے رنج دینا نہیں چاہئے بلکہ اس کا رنج سہنا چاہئے۔

❁ تکلف کی زیادتی محبت کی کمی کا باعث ہے۔

❁ انسان کا سب سے بڑا کارنامہ یہ ہے کہ وہ اپنے دل اور زبان کو قابو میں رکھے۔

❁ وہ علم و فضل صاحب علم کے لئے وبال ہے جو اطاعتِ خدا اور اتباعِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا کوئی اور ثمرہ و نتیجہ پیدا کرے۔

❁ تین چیزیں انسان کو تباہ کر دیتی ہیں جرص، حسد اور غرور۔

حضرت بابا فرید گنج شکرؒ

1) جو سچائی جھوٹ سے مشابہہ ہو اُسے اختیار مت کرو۔
2) نفس کو اپنے مرتبہ کے لئے خوار مت کرو۔
3) اگر تم بزرگوں کا مرتبہ چاہتے ہو تو بادشاہوں کی اولاد سے دُور رہو۔
4) اچھائی کرنے کے لئے ہمیشہ کسی بہانے کی تلاش میں رہو۔
5) کسی سے اِس طرح جھگڑا نہ کرو کہ مصالحت کی گنجائش ہی نہ رہے۔
6) اپنی سرگرمیوں کو لوگوں کی سرد کلامی کی وجہ سے ترک نہ کرو۔
7) جو لوگ اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے وہ اسراف کرتے ہیں۔
8) جب فقیر لباس پہنتا ہے تو یہ سمجھتا ہے کہ اُس نے کفن پہن لیا۔
9) جیسا تو ہے ویسا ہی نظر آ ورنہ اصلیت خود بخود ظاہر ہو جائے گی۔
10) عاقل نما نادان سے پرہیز کر۔

حضرت جُنید بغدادی

1) خلق چار چیزوں میں ہے۔ سخاوت‘ اُلفت‘ نصیحت اور شفقت۔
2) مجھے فصیح و بلیغ جھوٹے سے بدکار سچے کی محبت زیادہ پسند ہے۔
3) جب وقت گزر جائے تو ہرگز واپس نہیں آتا۔ اس لئے وقت سے زیادہ قیمتی شے اور کوئی نہیں۔
4) ایسے شخص کو دوست رکھو جو نیکی کر کے بھول جائے۔
5) مرد کی سیرت دیکھو اُس کی صورت پر نہ جاؤ۔
6) محبت کامل نہیں ہوتی جب تک قربانی نہ دی جائے۔
7) جب محبت کامل ہو جاتی ہے تو ادب کی شرط گر جاتی ہے۔
8) توبہ کے تین معنی ہیں۔ پہلے ندامت‘ پھر عزم ترک‘ ظلم وخصومت سے باز رہنا۔
9) جو حافظ قرآن اور حدیث کا پورا عالم نہ ہو اُس کی پیروی نہ کرو۔
10) جو محمدؐ کے راستے پر چلتا ہے وہ منزل تک پہنچ جاتا ہے کیونکہ باقی سب راہیں بند ہیں۔

حضرت معین الدین چشتی اجمیریؒ

1) گناہ تمہیں اتنا نقصان نہیں پہنچاتا جتنا مسلمان بھائی کو ذلیل اور بے عزت کرنا۔
2) درویشی وہ ہے جو جو کسی کو محروم نہ کرے۔
3) عارف وہ ہے جو اپنا دل دونوں جہان سے ہٹالے۔
4) عاشق خدا وہ ہے جو ابتدائے عشق میں ہی فنا ہو جائے۔
5) بدترین شخص وہ ہے جو توبہ کی اُمید پر گناہ کرے۔
6) مومن وہ شخص ہے جو تین چیزوں کو دوست رکھے موت‘ فاقہ اور درویشی۔
7) خود پسندی کبیرہ گناہ ہے۔
8) وہ ضعیف ترین ہے جو اپنی بات پر قائم رہے۔
9) نماز اللہ کی امانت ہے جو اُس نے بندوں کے سپرد کر رکھی ہے۔
10) عارف کا کم تر درجہ یہ ہے کہ وہ صفات خداوندی کا مظہر ہو۔

حضرت غوث الاعظم

1) شکستہ قبروں پر غور کر! کیسے کیسے حسینوں کی مٹی خراب ہو رہی ہے۔

2) شروع کرنا تیرا کام ہے اور تکمیل کرنا خدا کا کام۔

3) سمجھدار کسی چیز میں خوشی محسوس نہیں پاتا کیونکہ اُس کا "حلال" حساب اور حرام عذاب ہے۔

4) جس کا انجام موت ہے اُس کے لئے کون سی خوشی ہے۔

5) تجھے لوگ تکبر سے نہیں تواضع سے بڑا سمجھیں گے۔

6) موت کو یاد رکھنا نفس کی تمام بیماریوں کی دوا ہے۔

7) عاقل پہلے قلب سے پوچھتا ہے پھر منہ سے بولتا ہے۔

8) تیرا کلام بتا دے گا تیرے دل میں کیا ہے۔

9) بے ضرورت مردوں کو بھی بازاروں میں نہیں جانا چاہئے۔

10) تنہا شخص محفوظ ہے اور ہر گناہ کی تکمیل دو سے ہوتی ہے۔

شرک کے بعد سب سے بڑا جرم والدین کی سرکشی ہے۔

مصیبت میں پریشانی مصیبت کو دوگنا کر دیتی ہے۔

بیکار ہے ان کی زندگی جو صرف اپنے لیے جیتے ہیں۔

مت چنو ایسے پھول جو زندگی ویران کر دیں۔

انسان کا حسن اس کی زبان میں پوشیدہ ہے۔

احمق جب تک خاموش ہے عقلمند گنا جاتا ہے۔

بیکار ہے وہ کتاب جسے پڑھا نہ جا سکے۔

بیکار ہے وہ زندگی جو کسی کے کام نہ آ سکے۔

دوست کو محبت دو، راز نہ دو۔ مسکراہٹ غموں کے پہاڑ میں حوصلے کی چٹان ہے۔

تین چیزیں دل سے کریں، رحم، کرم، دعا۔

ادب انسان کا زیور ہے۔

محبت کی چند ساعتیں بے محبت کی زندگی کے سو برس سے بہتر ہیں۔

مذہب خدا اور انسان سے محبت کے سوا کچھ نہیں۔

کسی کام میں ہمہ تن مصروف ہونا ہی کامیابی ہے۔

اعتماد محبت کی پہلی سیڑھی ہے۔

اللہ سے اتنی امید رکھو کہ تمھیں اس سے زیادہ کسی اور سے امید نہ رہے۔

ہر رشتے میں سب سے افضل رشتہ و درجہ ماں کا ہے۔